© rasailojaraid.com



## اخبار الجامعہ

# چوتھے روز اونٹ کی قربانی

حسب سابق امسال بھی چوک اہل حدیث میں تیرہ ذوالحجہ کو اونٹ کی قربانی کی گئی ۔ ۱۳ ذوالحجہ ایام تشریق میں سے ہونے اور ماننے کے باوجود ہمارے ہاں یہ سنت متروک العمل ہو چکی ہے ۔

مگر اللہ کے فضل سے اس سنت پر عمل ہو رہا ہے ۔ اور گذشتہ کئی سالوں سے چوتھے روز اونٹ کی قربانی کی جاتی ہے ۔ چونکہ جہلم میں اونٹ کی قربانی نہیں کی جاتی اور ویسے بھی اونٹ کو دوسرے عام جانوروں کی طرح لٹا کر ذبح نہیں کیا جاتا بلکہ اسے نحر کیا جاتا ہے ۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ اس کا ایک گھٹنا باندھ کر کھڑے کھڑے خنجر سے اسکی شہ رگ پر وار کیا جاتا ہے ۔ جس سے خون کا فوارا ابل پڑتا ہے اور جب زیادہ مقدار میں خون نکل جاتا ہے تو اونٹ خود بخود اپنے پہلو کے بل گر پڑتا ہے ۔

یہ منظر دیکھنے کیلئے اس روز جہلم کے اطراف و اکناف سے لوگ جوق در جوق چوک اہل حدیث میں آتے ہیں ۔ علاوہ ازیں اونٹ کا گوشت بہت سی بیماریوں کا تیر بہدف علاج ہے اور بہت سے حکماء اور اطباء اپنے مریضوں کو تجویز کرتے ہیں ۔ ایسے مریض عبدالاضحی کے کئی روز قبل ہی اونٹ کے گوشت کیلئے رابطہ کرتے ہیں ۔ امسال بھی بہت سے مریضوں کی مراد بر آئی اور انہیں ضرورت کے مطابق گوشت، ھڈی یا کوہان کی چربی مل گئی ۔ الحمد للہ

## اہل حدیث یوتھ فورس کے زیر اہتمام انعامی مقابلہ

مورخہ ۳ اپریل بروز جمعہ کو جامعہ علوم اثریہ میں اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم کے زیر اہتمام " حضرت ابراھیم علیہ السلام اور قربانی" کے عنوان پر انعامی تقریری مقابلہ زیر صدارت رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی منعقد ہوا ۔ جس میں مختلف یونٹوں کے اراکین نے بھرپور حصہ لیا ۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض عمران صادق ( سابق سیکرٹری اے وائی ایف جہلم و سابق صدر شوز مرچنٹس جہلم حال مقیم امریکہ ) نے سر انجام دیئے ۔ آخر میں رئیس الجامعہ نے اپنے صدارتی خطاب کے بعد کامیاب مقررین میں انعامات تقسیم کیے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# پوران اور کھوہار میں تبلیغی جلسے

گزشتہ دنوں مسجد اہل حدیث پوران میں تبلیغی جلسہ ہوا۔ خطیب پاکستان حضرت مولانا محمد محمد حسین شیخوپوری نے خطاب کیا۔
کچھ دنوں بعد پوران میں ہی اور ایک اور جلسہ عام ہوا قاری محمد یعقوب فیصل آبادی نے بڑا پرسوز خطاب فرمایا
کھوہار میں ملک محمد اقبال نے اپنے گھر کے متصل باہر کھلی فضا میں تبلیغی جلسہ کا اہتمام کیا۔ قاری یعقوب فیصل آبادی نے بڑا پر تاثیر خطاب فرمایا مذکورہ بالا جلسوں میں قاری عبدالشکور بن قاری عبدالرشید صدیقی نے تلاوت کلام مجید کی اور عبداللطیف متعلم جامعہ علوم اثریہ نے نظمیں پڑھیں۔

# موت العالم موت العالم

گزشتہ دو مہینوں کے قلیل عرصہ میں جماعت اہلحدیث کو کبار علماء کی پے در پے اموات پر گہرے صدمات برداشت کرنا پڑے۔ جن میں حضرت مولانا محی الدین لکھوی۔ پروفیسر چوہدری عبدالحفیظ انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور، واعظ خوش الحان حضرت مولانا محمد منشاء حامد صاحب (گوجرانولہ) اور لاہور کے پرنٹنگ کے ماہر حافظ عبدالرحمان گوہڑوی شامل ہیں انا للہ و انا الیہ راجعون۔
ادارہ "حرمین" مذکورہ بالا تمام علماء کرام کی وفات پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور ادارہ انکے ورثاء و پسماندگان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالی مرحومین کی غلطیوں، کوتاہیوں اور لغزشوں سے درگزر فرمائے اور انکی نیکیوں کو قبول فرمائے۔ اور اعلی علیین میں مقام عطا فرمائے۔ آمین اور انکے ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین
**غائبانہ نماز جنازہ** مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے نماز جمعہ کے بعد انکی غائبانہ نمازہ جنازہ پڑھائی۔ اللھم اغفرلھم وارحمھم وادخلھم الجنۃ الفردوس

© rasailojaraid.com